پریس ریلیز

شیل پاکستان نے مالی سال 2024ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے منافع کا اعلان کر دیا

کراچی، پاکستان، 08 مئی، 2024: شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے مالی سال 2024ء کی پہلی سہ ماہی کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ کمپنی نے گزشتہ سال کے اِسی عرصے میں، 4,762 ملین روپے کے بعد از ٹیکس نقصان کے مقابلے میں 314 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع کمایا ہے۔

موبیلٹی (Mobility) کے کاروبار نے 5 نئی سائٹوں کے آغاز کے ساتھ اپنے نیٹ ورک میں اضافہ کیا اور 13 سائٹوں کی بحالی کا کام کیا۔ اس کے علاوہ کاروبار نے نیٹ ورک میں 13 نان فیول ریٹیل سہولیات کا بھی اضافہ کیا۔ لیوبریکنٹس کے کاروبار نے شیل لیوبریکینٹ سلوشنز متعارف کرایا، جو B2B صارفین کو آغاز سے اختتام تک (end-to-end) لیوبریکنٹ سروسز فراہم کرتا ہے، جس کی بنیادیں تکنیکی مہارت اور کاروباری تعاون پر مبنی ہیں۔

لیٹن رحمت اللہ بینوولینٹ ٹرسٹ (LRBT) کے تعاون سے کمپنی نے مکینک حضرات کے لیے آئی کیمپ منعقد کیا، جس کا مقصد صحت مند بینائی کو یقینی بنانے اور اپنی کمیونٹیز کی فلاح و بہبود میں حصہ ڈالنے کے لیے آنکھوں کی مفت اسکریننگ فراہم کرنا تھا۔ میکنک حضرات ہماری لیوبریکنٹس پارٹنر کمیونٹی کا ایک اہم حصہ ہیں۔

ایس پی ایل آپریشنل ایکسیلینس، سیفٹی پرفارمنس، اپنی مالی پوزیشن کو مضبوط بنانے اور معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

☆☆☆